59
لائبریری جامعہ احمدیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِنَّ الۡفَضۡلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤۡتِیۡہِ مَنۡ یَّشَآءُ ۔ عَسٰۤی اَنۡ یَّبۡعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحۡمُوۡدًا

روزنامہ الفضل قادیان

یوم جمعہ

ٹیلیفون نمبر ۳۳ — رجسٹرڈ ایل نمبر ۸۲۵

جلد ۳۴ | ۱۷ ماہ ہجرت ۱۳۲۵ھش | ۱۴ جمادی الثانی سنہ ۱۳۶۵ھ | ۱۷ مئی سنہ ۱۹۴۶ء | نمبر ۱۱۶

مدینۃ المسیح

قادیان ۱۶ ماہ ہجرت۔ آج ۷ بجے شام حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ ڈلہوزی سے تشریف لائے۔ حرم رابع بھی تشریف لائی ہیں۔ حضور کی عام طبیعت خدا تعالےٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ البتہ سردرد کی شکایت ہے احباب صحت کے لئے دعا فرمائیں۔

حضرت اُم المومنین مدظلہا العالی کی طبیعت خدا تعالےٰ کے فضل سے اچھی ہے الحمد للہ

خانصاحب مولوی فرزند علی صاحب کی حالت ابھی ویسی ہی ہے۔ احباب دعائے صحت فرمائیں۔

آج بعد نماز مغرب مسجد اقصےٰ میں خدام الاحمدیہ مرکزیہ کا ماہانہ جلسہ منعقد ہوا:

Digitized by Khilafat Library Rabwah

حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ کا جماعت احمدیہ سے خطاب

ہر احمدی سال میں کم از کم ایک احمدی بنانے کا عہد کرے

۲۰ اپریل مجلس مشاورت میں حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز نے نمائندگان جماعت سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا:۔

دوستوں نے تبلیغ کے متعلق بہت زور دیا ہے مگر یہ کہنا کہ تبلیغ کرنی چاہیئے اور چیز ہے۔ اور تبلیغ کرنا اور چیز ہے۔ ہماری جماعت میں بہت تھوڑے دوست ایسے ہیں جو باقاعدگی سے تبلیغ کرتے ہیں۔ اور اس ایک حصہ کی تبلیغ کا یہ نتیجہ ہے کہ

دو تین ہزار آدمی سالانہ

ہندوستان میں احمدیت میں داخل ہوتا ہے لیکن اس رفتار سے تو ہمیں صرف ہندوستان کو احمدی بنانے کے لئے ہی

کئی سو سال

لگ جائینگے۔ جب یہ رفتار ہماری ان لوگوں کے متعلق ہے۔ جو دن رات ہمارے پاس رہتے ہیں۔ تو باقی دنیا کو احمدی بنانے کے لئے ہمیں کتنا عرصہ درکار ہوگا۔ کیا جماعت کی تبلیغ کا یہی نتیجہ ہونا چاہیئے کہ بیعت کرنے والوں کی تعداد دو تین ہزار پر آکر رک جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ دوست اس مجلس میں آکر لمبی لمبی تقریریں کرتے ہیں کہ تبلیغ کرنی چاہیئے۔

لیکن کہنا اور بات ہے اور کرنا اور بات ہے۔

انسان کا فرض

ہے کہ جس بات کے لئے وہ دوسروں سے کہے اس پر خود بھی عمل کرکے دکھلائے بعض لوگوں میں یہ عادت ہوتی ہے کہ وہ خود ایک کمزوری میں مبتلا ہوتے ہیں۔ لیکن دوسروں پر زور دیتے چلے جاتے ہیں۔ کہ تم یہ نہیں کرتے اور وہ نہیں کرتے۔ دو تین سال ہوئے۔ یہاں مجلس مشاورت میں ایک دوست نے چندہ کی ادائیگی کے متعلق ایک لمبی تقریر کی۔ جب وہ تقریر کر چکے تو وہاں کے کسی عہدہ دار نے بتایا کہ یہ خود دو سال سے چندہ نہیں دے رہے یہ طریق ایمان کو کمزور کر دیتا ہے۔ مومن کو اس سے اجتناب کرنا چاہیئے:

تبلیغ کی وسعت

کے پیش نظر ہم نے ہر ایک احمدی کا یہ فرض قرار دیا ہے۔ کہ وہ سال میں کم از کم ایک احمدی ضرور بنائے۔ یہ مطالبہ ہم نے اس لئے کیا ہے۔ تا جماعت بحیثیت مجموعی تبلیغ کی طرف متوجہ ہو۔ اور اپنے فرض کا احساس کرے۔ ورنہ اس کے یہ معنے ہرگز نہیں کہ آپ لوگوں سے جبراً بیعت کرائیں۔ میں سمجھتا ہوں اگر سنجیدگی سے کوشش کی جائے تو

سال بھر میں ایک احمدی بنانا

کوئی مشکل بات نہیں۔ لیکن میرے اس خطبہ کا نتیجہ یہ نکلا ہے۔ کہ اب تک آٹھ سو جماعتوں میں سے صرف ۷۸ جماعتوں نے وعدے بھجوائے ہیں۔ باقی سب جماعتوں نے خاموشی اختیار کر لی ہے۔ اور ان ۷۸ جماعتوں کی طرف سے بھی ۱۱۹۲ افراد نے صرف

۱۴۰۰ آدمیوں کو احمدی بنانے کے وعدے

کئے ہیں۔ غرض جماعت نے اس معاملہ میں اس قدر سستی سے کام لیا ہے کہ اس سے قبل اتنی سستی اس نے کسی معاملہ میں نہیں دکھائی۔

پس میں جماعتوں کو نصیحت کرتا ہوں۔ کہ انہیں اپنی اصلاح کرنی چاہیئے اور جلد سے جلد اپنے وعدے بھجوانے چاہئیں۔ ہماری جماعت ہندوستان میں چار پانچ لاکھ کے قریب ہے۔ ابھی جو الیکشن ہوا ہے اس نے یقینی طور پر بتا دیا ہے۔ کہ

ہماری تعداد ہندوستان میں چار پانچ لاکھ

کے قریب ہے۔ ہماری جماعت کے ووٹر چالیس اور پچاس ہزار کے درمیان تھے۔ اور چونکہ عام طور پر آبادی کا دس فی صدی حصہ ووٹر ہوتا ہے۔ اس لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ ہندوستان میں چار یا پانچ لاکھ کے قریب ہماری جماعت کے افراد ہیں۔ تین لاکھ کے قریب تو پنجاب میں ہی ہیں۔ اس کے علاوہ سندھ میں۔ سرحد میں بہار میں۔ بنگال میں اور دوسرے صوبوں میں کسی جگہ دس ہزار۔ کسی جگہ پندرہ ہزار کسی جگہ بیس ہزار۔ اڑیسہ کے متعلق میرا خیال تھا۔ کہ وہاں بہت کم احمدی ہیں۔ لیکن بعض دوستوں نے بتایا ہے، کہ وہاں بھی چار ہزار کے قریب احمدی ہیں۔ حالانکہ اڑیسہ بہت چھوٹا سا صوبہ ہے۔ چونکہ ہماری جماعت میں باقی جماعتوں کی نسبت تعلیم زیادہ ہے اس لئے ہم اس اندازے کو اگر کسی قدر کم کر دیں۔ یعنی پانچ لاکھ کی بجائے چار لاکھ سمجھ لیں۔ اور پھر اس چار لاکھ کا آدھا کریں۔ تو دو لاکھ ہوئے کیونکہ کچھ لوگ سست اور غافل بھی ہوتے ہیں۔ اور اس دو لاکھ میں سے اگر فی خاندان پانچ آدمی سمجھے جائیں۔ تو چالیس ہزار ایسے مرد ہوں گے۔ جو اچھی طرح تبلیغ کر سکتے ہیں۔ اور اگر ہر سال ایک آدمی ایک ہی احمدی بنائے۔ تو اس لحاظ سے بھی

[illegible] ضیاء الاسلام پریس قادیان [illegible] قادیان سے شائع کیا

چالیس ہزار آدمی ہر سال احمدی ہونا چاہیئے

پھر وہ ۔ نئے احمدی ہونے والے بھی تبلیغ کریں۔ تو چالیس ہزار آدمی اگر چالیس ہزار احمدی نہ بنا سکے۔ تو نصف تو ضرور بنائے گا۔ اس طرح اگلے سال ساٹھ ہزار آدمی احمدیت میں داخل ہوں گے۔ پھر وہ ساٹھ ہزار بھی تبلیغ کرے۔ تو اگلے سال تک ایک لاکھ آدمی احمدیت میں داخل ہونے لگ جائیگا۔ یہی صورت ہے جس سے ہم احمدیت کا رعب قائم کر سکتے ہیں۔ اور یہی صورت ہے جو دلوں کو صداقت کی طرف مائل کر سکتی ہے۔ پس اس وقت ضرورت ہے کہ

احمدیت کی ایک زبردست رو

چلائی جائے۔ جب احمدیت کی رو چل جائیگی۔ تو لوگوں کے دل خود بخود احمدیت کی طرف جھک جائیں گے۔ اور ان پر یہ ظاہر ہو جائیگا۔ کہ ان کی بیماریوں کا علاج صرف احمدیت ہے۔ اس وقت تم ہر روز یہ خبریں سنو گے۔ کہ آج فلاں گاؤں احمدی ہو گیا۔ آج فلاں قبیلہ احمدی ہو گیا۔ آج فلاں قوم احمدی ہو گئی۔ تم دیکھو گے کہ دوسری قومیں لوگوں کو احمدیت سے روکیں گی۔ لیکن لوگ رکیں گے نہیں۔ پس میں دوستوں کو یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ یہ وقت جماعت کے بڑھنے کا ہے۔ اس کو ہاتھ سے مت جانے دو۔ اور اس سے فائدہ اٹھاؤ۔ اب حالات اس قسم کے پیدا ہو رہے ہیں۔ کہ مسلمان اس بات کے سمجھنے پر مجبور ہوں گے۔ کہ ان کے لئے

احمدیت کے سوا بچنے کی کوئی جگہ نہیں

اب اس قسم کے مصائب آنے والے ہیں۔ جو مسلمانوں کو مجبور کریں گے۔ کہ وہ احمدیت کی طرف جھکیں۔ اور ان کے لئے سوائے احمدیت کے رستہ کے اور کوئی رستہ مصائب سے نجات دلانے والا نہ ہوگا۔ اسوقت مسلمان احمدیت کی طرف اس طرح گریں گے۔ جس طرح برف کا تودہ پہاڑ سے گرتا ہے۔ لیکن اس وقت کے آنے تک ہمارے لئے ضروری ہے۔ کہ ہم اپنی

انتہائی جدوجہد

تبلیغ کے لئے صرف کریں۔ اس وقت جو نمونہ جماعت نے پیش کیا ہے۔ وہ نہایت ناقص ہے۔ یعنی آٹھ سو جماعتوں میں سے صرف ۷۸ جماعتوں نے ۱۴سو آدمیوں کو احمدی بنانے کے وعدے بھجوائے ہیں۔ دوستوں کو چاہیئے۔ کہ وہ واپس جا کر جماعتوں کی غفلت اور سستی دور کریں اور اس اہم فریضہ کی ادائیگی کے لئے پورے اخلاص اور جوش کے ساتھ حصہ لیں۔

بیرون ہند کی ہندوستانی جماعتوں کے لئے السابقون الاولون میں آنے کی تاریخ

شیخ مبارک علی صاحب آف لٹھ غلام نبی حال مشرقی افریقہ لکھتے ہیں۔ تحریک جدید کے متعلق حضور کے نہایت ایمان افروز ارشادات پڑھ کر ایمان میں ترقی ہوتی ہے۔ گذشتہ چار پانچ سال سے کاروبار نیچے ہی نیچے جا رہا ہے۔ قحط سالی کے علاوہ یہاں کنٹرول اور مارکیٹ سسٹم ہے۔ یہی وجہ کام کے گرنے کی ہے۔ مگر باوجود اس کے خدا تعالےٰ کی توفیق سے اور حضور کے ایمان پرور خطبات پڑھ کر میرے لئے قدم پیچھے ہٹانا ناممکن ہو گیا۔ خدا کے فضل پر بھروسہ کرتے ہوئے گذشتہ سال سے ایک پونڈ کا اضافہ کر کے ۲۰ ۵ شلنگ کا وعدہ پیش حضور ہے۔ قبول فرما کر کاروبار اور خاکسار کی بیوی کی صحت کے لئے دعا فرماویں۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء۔ اللہ تعالیٰ قبول فرما کر نعم البدل عطا فرمائے آمین۔ بیرون ہند کی وہ جماعتیں اور افراد جن کے وعدوں کی میعاد ۳۰ راپریل کو ختم ہو گئی ہے۔ وہ اپنے وعدوں کی رقوم سو فی صدی ۳۱ رجولائی تک ادا کرنے کے لئے ابھی سے کوشش جاری فرماویں۔ کیونکہ "آپ ایک برگزیدہ الٰہی جماعت میں سے ہیں "سابقون الاولون" میں شامل ہونے کی کوشش آپ کا حق ہے۔ جسے لینے کی ہر ممکن کوشش کرنی چاہیئے۔" پس بیرون ہند کی ہندوستانی جماعتیں اور افراد ۳۱ رجولائی تک مرکز میں اپنے وعدے پورے داخل کر کے سابقون میں شامل ہوں۔ اللہ تعالیٰ توفیق بخشے۔

(فنانشل سکرٹری تحریک جدید)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات اور قبر کی اطلاع پر انگلستان میں ہلچل

اسلام کی طرف سے انگلستان پر مذہبی رنگ میں حملہ

لنڈن کے ایک ہفتہ وار رسالہ کا اعلان

لنڈن ۱۵ رمئی۔ مکرم جناب مولوی جلال الدین صاحب شمس انچارج احمدیہ مشن لنڈن و امام مسجد احمدیہ لنڈن بذریعہ تار مطلع فرماتے ہیں۔ کہ ہفتہ واری میگزین "Life of faith" "لائف آف فیتھ" نے آج اس مسئلہ کے متعلق ایک مضمون شائع کیا۔ کہ مسیح علیہ السلام کہاں فوت ہوئے۔ اس میگزین نے اس مسئلہ کو مسلمانوں کا انگلستان پر حملہ قرار دیا ہے۔ موٹے حروف میں اس میگزین نے اپنے "ٹائیٹل پیج" پر میرا اور دیگر احمدی مبلغین اور میری کتاب اور اشتہارات کا جو حضرت مسیح علیہ السلام کی سری نگر میں قبر کے متعلق ہیں۔ حوالہ دے کر لکھا ہے۔ کہ یہ امر عیسائیوں کے لئے ایک مستقل طور پر قابل شرم بات ہے۔ کہ ایک دوسرا ملک اب اسلام کی طرف سے انگلستان پر اس قسم کا مذہبی حملہ کرے۔ میگزین نے عیسائیوں کو اکسایا ہے۔ کہ وہ عیسائیت کے متعلق اس خطرہ سے خبردار رہیں۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

احمدی نوجوان اور وقف تجارت

جماعت احمدیہ جس دور میں سے گذر رہی ہے۔ اس کی اہمیت آج کسی احمدی سے پوشیدہ نہیں۔ شیطان اور رحمٰن کی آخری جنگ کے لئے زیرو کا الارم خدا معلوم کس وقت بج جائے۔ لیکن فضا اس وقت کے لئے بالکل تیار ہے۔

ہمارا آقا متعدد بار ہمیں ہمارے فرائض کے متعلق یاددہانی کرا چکا ہے۔ بلکہ کئی مرتبہ تو حضور نے انذاری الفاظ بھی اپنے خطبات میں فرمائے ہیں۔ اس لئے ہمیں اپنے فرائض کا زیادہ سے زیادہ احساس کرتے ہوئے حضور کے احکام کو ہر رنگ میں پورا کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔ تا ہم حضور کی خوشنودی حاصل کر کے خدائے قدوس کی رضا حاصل کر سکیں۔ گذشتہ سال سیدنا حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ایک نہایت اہم تحریک فرمائی تھی۔ اور نوجوانوں کو وقف تجارت کے لئے اپنی زندگیاں وقف کرنے کا ارشاد فرمایا تھا۔ اندازہ تھا کہ ہمیں اس وقف کے لئے پانچہزار نوجوانوں کی ضرورت ہے۔ اس کے بعد بھی حضور نے اس وقف کی اہمیت بتائی لیکن ابھی تک بہت تھوڑے احباب نے اس طرف توجہ کی ہے۔

قوموں کی زندگیاں ان کے احساسِ قربانی پر منحصر ہوا کرتی ہیں۔ جب تک ان میں یہ احساس زندہ رہتا ہے۔ وہ بھی زندہ رہتی ہیں۔ اور ان کا قدم ترقی کی طرف بڑھتا ہے۔

جماعت احمدیہ قربانی کرنے والی جماعت ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے ہمیں اپنے فضل اور کرم سے اپنے وقت کے موعود کو شناخت کر کے اس پر ایمان لانے کی توفیق عطا فرمائی ہے۔ ہمیں وقت کی قدر کرتے ہوئے اپنے امام کی ہر ہدایت پر عمل کر کے اپنا قدم آگے ہی آگے بڑھانا چاہیئے۔ وقف تجارت بھی حضور کی ان اہم ہدایات اور تحریکات میں سے ہے۔ جس پر عمل کر کے جماعت اپنی ترقی کے موجودہ مقام سے بہت بلند چلی جائے گی۔

یہ وقف ان نوجوانوں کے لئے ایک نعمت عظمیٰ ہے۔ جو فوج سے یا دیگر ملازمتوں سے فارغ ہو کر اپنے گھروں کو واپس آ رہے ہیں۔ وہ اب واپس آ کر بیکار ہوں گے۔ ان کو چاہیئے کہ حضور کے ارشاد عالی پر لبیک کہتے ہوئے آگے بڑھیں۔ اور اپنی زندگیاں اس مقصد کے لئے پیش کر کے سعادتِ اخروی حاصل کریں۔ وقفِ تجارت کے فارم دفتر تجارت سے ایک خط لکھنے پر مل سکتے ہیں۔ (ناظم تجارت)

حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت اقدس میں

ایک مخلص احمدی نوجوان کے حقیقی جذبات کا اظہار

بغیر کسی شرط کے خدمتِ اسلام کے لئے زندگی وقف کرنے کی درخواست

ذیل کے عریضہ میں چونکہ ایک احمدی کے حقیقی جذبات بیان کئے گئے ہیں اس لئے اسے شائع کیا جاتا ہے۔

بحضور حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

حضور کا خطبہ مورخہ ۳ مئی پڑھا۔ ابھی آدھا بھی ختم نہیں کیا تھا۔ کہ میں اپنی زندگی کے متعلق ایک اہم فیصلہ کرنے پر مجبور ہوا اور یہی وجہ اس خط لکھنے کی ہے۔ پہلے اس کے کہ میں اپنے دل کی باتیں حضور سے کہوں۔ میں یہ الفاظ لکھتا ہوں کہ میں نے اپنی حقیر زندگی بغیر کسی شرط کے وقف کی۔ میں ڈرتا تھا کہ خدا تعالیٰ ان الفاظ سے پہلے میری جان نہ نکال لے۔ اور اگلا خط بھی لکھنا نصیب نہ ہو۔ لیکن شکر ہے خدا تعالیٰ رحم کرنے والے اور مدد کرنے والے کا کہ اس نے یہ توفیق بخشی۔

میں نے خط لکھنے سے پہلے اپنی بیوی سے مشورہ کیا اسے اچھی طرح سمجھا دیا۔ کہ زندگی وقف کرنے میں دنیاوی طور پر ہیں مندرجہ ذیل تکالیف آسکتی ہیں۔ تم غور کرلو اور خوب سمجھ کر جواب دینا۔ کیونکہ آئندہ زندگی کا پروگرام اس مشورے پر ہوگا۔ اس نے جواب دیا استخارہ کرو۔ میں نے کہا استخارے کی ضرورت نہیں۔ (یہ میں نے اس خیال سے کہا تھا کہ استخارے کی ضرورت تب ہوتی ہے جب کسی چیز کے مستقبل یا انجام کا علم نہ ہو۔ لیکن جہاں خلیفۂ وقت جہاد کے لئے بلا رہا ہے وہاں ہم استخارہ کس بات کا کریں۔ کیا اس بات کا کہ جہاد میں جانا چاہیئے یا نہیں جو میرے نزدیک ٹھیک نہیں حضور اس کے متعلق بھی فرمائیں کیا میرا یہ خیال ٹھیک ہے یا غلط۔

(حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ کا ارشاد یہ آپ کا خیال بالکل درست ہے یہ تو جہاد ہے جہاد کے لئے کوئی استخارہ نہیں۔ ہاں دعائے استخارہ ہے جو مسنون ہے۔ وہ تو ہر وقت انسان کرتا ہے کہ یا اللہ یہ نیک کام میرے لئے الٹا نہ ہو جائے)

ہاں تو میں نے کہا اب دوسو روپیہ ماہوار آمدنی جو ہے نہیں رہے گی۔ یہ بھی ممکن ہے میں تم سے چار چار یا پانچ پانچ سال جدا رہوں۔ تمہیں تنگی سے گذارہ کرنا پڑے۔ سسرال کی سختیاں جو گو میرے نزدیک سختیاں نہیں۔ لیکن عام لوگوں کے محاورہ کے مطابق سسرال کی سختیاں سہنی پڑیں۔ اب نوکر ملا ہے پھر سب کام خود کرنے پڑینگے۔ جھونپڑی میں رہنا پڑے گا۔ اور ہر چیز کی تنگی برداشت کرنی ہوگی۔ اور اس طرح کی باتیں میں کرتا چلا گیا۔ بغور سنتی گئی پھر تھوڑی دیر اس نے سوچا۔ اور میں دل میں دعا کرتا رہا کہ اے خدا اسے غلط راستے سے بچانا۔ یہ اپنے لئے دنیا نہ پسند کرے۔ خدا تعالیٰ کا شکر ہے کہ میری اچھی بیوی نے یہ جواب دیا۔ مجھے کوئی عذر نہیں۔ اور میں ہر تکلیف خدا تعالیٰ کی راہ میں برداشت کرنے کو تیار ہوں۔ حضور میری بیوی کے لئے بھی خاص طور پر دعا فرمائیں۔ اس کی صحت کچھ خراب رہتی ہے۔ اور آپ سے دعا کی درخواست کرتی ہے۔

اب میں اپنی زندگی کے مختصر سے حالات اور دلی جذبات کی کشمکش سناتا ہوں تا حضور کو اچھی طرح اندازہ ہو جائے میں ننگل باغباناں کا رہنے والا ہوں۔ میاں عزیز الدین صاحب میرے والد ہیں اس وقت میری عمر ۲۶ سال ہے۔ ایک لڑکی ہے جس کی عمر تقریباً ایک سال ہے ۱۹۳۶ء میں میں نے قادیان سے میٹرک پاس کیا تھا۔ اس کے بعد ایک سال بیکار رہا۔ پھر لدھیانہ سے الیکٹریشن کلاس پاس کی (پنجاب گورنمنٹ سے Elect Supervisor کا امتحان بھی پاس کیا ہوا ہے۔ اور اب انجینیرنگ کے امتحان کی تیاری جو کہ شائد اسی ماہ میں لاہور میں ہوگا پرائیویٹ طور پر کر رہا ہوں۔) چھ سات ماہ بے کار پھرنے کے بعد میں دہلی چلا گیا۔ گو وہاں میرا کوئی واقف نہ تھا۔ لیکن خدا تعالیٰ کے بھروسے پر اور حضور کے اس ارشاد پر کہ جو نوجوان بے کار ہیں۔ اور گھر بیٹھے روٹیاں توڑ رہے ہیں باہر نکل جائیں۔ روزی بھی کمائیں اور تبلیغ کریں۔ میں نے ایسا ہی کیا۔ اور اکتوبر ۱۹۳۹ء میں Central P. W. D. میں الیکٹریشن کی پوسٹ پر ملازم ہو گیا۔ تقریباً ۴ سال کی جدوجہد اور دعاؤں کے بعد جولائی ۱۹۴۳ء میں میں اوورسیر grade میں آگیا۔ اور اس وقت سے میں اسی گریڈ میں کام کر رہا ہوں۔ اب ایک دو ماہ تک Permanent ہونے کی کافی امید ہے۔ Permanent کے لفظ سے حضور یہ نہ خیال فرمائیں کہ میرا دل نوکری چھوڑنے کو نہیں چاہتا۔ یہ میں نے صرف حضور کو حالات سے اچھی طرح واقف کرنے کے لئے لکھا ہے۔

غالباً ۱۹۴۳ء کی بات ہے کہ میرا بھائی نذیر احمد دہلی میرے پاس آیا۔ میں نے اسے وہاں ملازم کرا دیا۔ ان دنوں بھی حضور کے خطبے وقف زندگی کے متعلق ہوتے تھے۔ میں نے نذیر سے کہا ہم پانچ بھائی ہیں۔ دو بڑے افریقہ میں ہیں اور اپنا گزارہ کرتے ہیں۔ وہ دور ہیں۔ اس وقت ان سے مشورہ بھی نہیں ہو سکتا۔ آؤ ہم دونوں میں سے ایک اپنی زندگی وقف کردے۔ اور دوسرا حتی المقدور اس کی مدد کرے۔ اس نیک بھائی نے میری تجویز مان لی۔ اور کہا بھائی آپ کی نوکری اچھی ہے۔ اور ترقی کا زیادہ چانس ہے۔ اس لئے میں زندگی وقف کرتا ہوں۔ آپ ضرورت پڑی تو مجھے سپورٹ کرنا اس پر اس نے اپنی زندگی وقف کردی۔ اور میں ملازمت کرتا رہا۔ حضور نے اسکو اب شائد تجارت کے سلسلہ میں کراچی کے لئے چنا ہے۔

اس کے بعد مجھے کئی دفعہ خیال آیا کہ سپورٹ کا خیال محض نفس کا دھوکہ ہے۔ ہزاروں باتیں ایسی ہو سکتی ہیں کہ میری نوکری ہی نہ رہے۔ یا ایسی کوئی اور بات ہو جائے جس سے آمدنی کی صورت نہ رہے۔ ایسی حالت میں نذیر کو Support کرنے کی گارنٹی تو نہیں کی جاسکتی۔ البتہ اپنے آپ کو ثواب سے ضرور محروم رکھتا ہے۔ اس لئے میں نے نذیر سے کہا تمہارا کیا خیال ہے کہ میں بھی زندگی وقف کردوں۔ اس نے کہا خود سوچ لو۔ میں نے کہا تمہاری امداد کے خیال سے میں نے زندگی وقف نہ کی تھی۔ لیکن حضور کے خطبات سے یہ سمجھتا ہوں۔ کہ آدمیوں کی ضرورت بہت زیادہ ہے۔ اس لئے ہمیں خدا تعالیٰ پر توکل کرنا چاہیئے۔ نذیر نے جواب دیا بھائی جب میں نے زندگی وقف کی تھی اس خیال پر نہیں کی تھی۔ کہ میرا بھائی میری ضرور مدد کریگا۔ میں نے صرف خدا تعالیٰ کے بھروسے پر کی تھی۔ اور انجام سے بے فکر ہو کر۔ اس لئے جب تم ضرورت سمجھتے ہو۔ اور واقعی ضرورت ہے بھی۔ تو زندگی وقف کردینی چاہیئے۔

پھر میرے سامنے ماں باپ کی خدمت جو کہ بوڑھے ہیں۔ اور ہماری مدد کے محتاج۔ اور اپنے نفس کی کمزوریاں آئیں۔ اور یہ بات بہت حد تک زندگی وقف کرنے میں مانع رہی۔ لیکن پھر یہ خیال آیا کہ خدا تعالیٰ کی راہ میں قربانی کو وہ کبھی ضائع نہیں کرتا۔ یہ سب نفس کے دھوکے ہیں۔ خود اللہ تعالیٰ سب کام ٹھیک کردیگا۔ اور میں نے زندگی وقف کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ گو اس وقت میں اوورسیر ہوں۔ دنیاوی لحاظ سے اوسط درجے کی زندگی بسر کر رہا ہوں۔ جماعتی لحاظ سے یہاں سرکل مجلس خدام الاحمدیہ کا قائد ہوں۔ لیکن خدا کی قسم جب میں اپنے نفس کی کمزوریوں کو دیکھتا ہوں۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ اندھوں میں کانا راجہ والی بات ہے۔ نہ دینی لحاظ سے میرا علم مکمل ہے۔ نہ دنیاوی لحاظ سے تعلیم اعلیٰ ہے۔ محض خدا تعالیٰ کا فضل ہے جو زندگی کے دن پورے کر رہا ہوں۔ حضور دعا فرمائیں۔ میرا یہ قدم نفس کی کمزوریاں دور کرنے کا باعث ہو۔ اور خدا تعالیٰ کے دین کی کچھ خدمت ہو سکے۔ دعا ہی ہے جو اس ارادہ کو تکمیل تک پہنچا سکتی ہے۔ ورنہ اپنے نفس کی حالت کو دیکھ کر اپنے آپ کو کسی کام کا اہل نہیں سمجھتا۔ باقی اگر ضرورت ہوئی۔ تو حضور کے

لنڈن کے دلچسپ اور سبق آموز واقعات

از مکرم جناب ملک عطاء الرحمٰن صاحب مجاہد اسلام لنڈن

لیبر پارٹی

"عام عقل اور دستور پارٹی" کے عنوان کے ماتحت لیبر پارٹی کے سیکرٹری کی طرف سے پارٹی کے ایک نہایت اہم ریزولیوشن کے بارہ میں ایک مضمون شائع ہوا ہے جس میں لیبر پارٹی کی مختصر تاریخ بیان کی گئی ہے پارٹی کا قیام ۱۹۰۰ء میں ہوا۔ ابتداءً اس میں تاجروں کی مجالس۔ سوشلسٹ سوسائٹیوں اور بعض ہمدرد تنظیموں نے بھی شرکت کی۔ ۱۹۰۶ء میں پارٹی کے ۲۹ نمائندے پارلیمنٹ کے لئے منتخب ہوئے۔ اور اس طرح سیاسی اقتدار قائم ہونے لگا۔ پہلی جنگ عظیم کے بعد ۱۹۱۸ء میں اس کی اہمیت بہت بڑھ گئی۔ اور گورنمنٹ کی ذمہ واریوں میں حصہ دار ہونے لگی۔ اب مختلف مقامات میں پارٹی کی مقامی تنظیمیں باقاعدہ قائم ہو گئیں۔ ۱۹۱۸ء میں اس کا دستور العمل باقاعدہ وضع کیا گیا۔ اسی بنیادی دستور پر آج پارٹی کام کر رہی ہے۔ اور اب ۱۹۴۶ء میں پہلی دفعہ اسے مکمل حکومت حاصل ہوئی ہے۔ غیر معمولی اکثریت کے ساتھ۔ مضمون کے آخر میں لکھا ہے۔

"آؤ ہم مستقبل کا مقابلہ کریں۔ جمہوری زندگی پر ہمارا ایمان ایسا مستقل ہے کہ جسے کوئی مخالف کوشش متزلزل نہیں کر سکتی اور اسی امر پر ہماری پالیسی کا مدار ہے"

پارٹی کا مجوزہ ریزولیوشن یہ ہے کہ جنوری ۱۹۴۶ء کے بعد کسی ایسی نئی پارٹی کا لیبر پارٹی سے الحاق نہ ہوگا۔ جس کا پایہ پروگرام ہوگا اپنا دستور العمل ہوگا۔ پراپیگنڈا کے اپنے نمایاں علیحدہ اصول ہوں گے۔ جس کی اپنی مقامی تنظیمیں ہوں گی۔ بیرونی ممالک کی کسی تنظیم سے تعلق نہ ہوگا۔ یہ ریزولیوشن پارٹی کے سالانہ اجلاس میں جو جون میں ہو رہا ہے پیش ہوگا۔ اگر یہ ریزولیوشن منظور ہو گیا تو اس کے نتیجہ میں کمیونسٹ پارٹی اور آئی۔ ایل۔ پی کامن ویلتھ پارٹی کی درخواستیں مسترد ہو جائیں گی۔

افشائے راز

ان دنوں امریکہ [illegible] کی حفاظتی کونسل کے اجلاس ہو رہے ہیں۔ سپین کا معاملہ بھی ایجنڈے پر ہے۔ سر الیگزینڈر کیڈوگن اس مجلس میں برطانوی نمائندہ ہیں۔ سپین کے بارہ میں مرکزی حکومت کی طرف سے انہیں بعض خفیہ ہدایات بھجوائی گئی تھیں۔ لیکن ایک امریکن اخبار نویس نے اس مخفی ترسیلات کے متعلق یہ دعویٰ کیا کہ بعض ذرائع سے اسے ان کا علم حاصل ہو چکا ہے۔ اور نمونۃً بعض حصے شائع بھی کر دیئے۔ سر الیگزینڈر نے شائع شدہ حصوں کی تردید کی۔ اس پر اسی اخبار نویس نے ان مخفی ترسیلات کے بعض حصے ... مختلف اخباروں میں مفصل شائع کئے۔ کہ سر الیگزینڈر نے کل جس راز افشائی سے انکار کیا ہے اسی کے سلسلہ میں حکومت برطانیہ کے امور خارجہ کی طرف سے ہدایات کی دوسری قسط بھی سر الیگزینڈر کو موصول ہوئی ہے۔ اور اگر سر الیگزینڈر پسند کریں تو تاریخ اور منٹوں تک وقت بتایا جا سکتا ہے۔ کہ جب یہ پیغام لنڈن سے روانہ ہوا۔ اس پر سر الیگزینڈر کے ایک نمائندہ نے اس بات کا اعتراف کیا۔ کہ ترسیلات کی تفصیل واقعی وہ ہے جو اس اخبار نویس نے شائع کی ہے۔ اخبار نویس نے دس پیروں میں سے ۵ تا ۹ نقل کئے ہیں۔ لنڈن کے ایک اخبار نے لکھا کہ یہ پیش کیا جا سکتا ہے کہ ان خفیہ ہدایات کو کس طرح افشا کیا گیا۔ کیونکہ بہت ہی تھوڑی تعداد میں محدود حلقہ میں ان ہدایات کو تقسیم کیا گیا ہے۔ چند برطانوی اعلیٰ افسروں میں۔ بہرحال اس کا پتہ لگانا مشکل نہ ہوگا۔ دوسرے دن اخبارات میں شائع ہوا کہ تمام ان افراد سے جواب طلبی کی گئی ہے جو برطانوی مشن کے ساتھ اس وقت امریکہ میں ہیں۔ لیکن ابھی تک کوئی سراغ نہیں ملا۔

رلیف انگرسول صاحب نے ابھی ابھی امریکہ میں "Top Secret" کے عنوان سے ایک کتاب شائع کی ہے۔ اس کتاب میں جرمنی کی فتح کے دوران امریکہ اور برطانیہ کے اختلافات کا ذکر کرتا ہے

فیلڈ مارشل منٹگمری اور مسٹر چرچل

"جرمنی کی طرف آخری پیشقدمی کے دوران میں پریذیڈنٹ روزویلٹ اور مسٹر چرچل کے درمیان ایسے اختلافات پیدا ہو چکے تھے جو مدت تک جاری رہے۔ چرچل کی یہ خواہش تھی کہ برطانوی فوج روسیوں سے پہلے برلن میں داخل ہو۔

اس اختلاف کی تفصیلی وجوہ بیان کرتے ہوئے لکھتا ہے۔ "جنرل آئزن ہوور فیلڈ مارشل منٹگمری کے رویہ سے سخت نالاں تھا۔ جنرل آئزن ہوور نے متعدد بار اس بات کا ذکر کیا کہ میں نے منٹگمری کو بار بار اچھے اچھے موقع دیئے مگر وہ کبھی بھی متوقع کامیابی حاصل نہ کر سکا۔ بلکہ ناکام رہا۔ نہ صرف یہ بلکہ جنرل آئزن ہوور نے اس امر کا بھی ناپسندیدگی کے ساتھ اظہار کیا کہ چرچل براہ راست منٹگمری کے ذریعہ جنگی امور میں دخل دیتا۔"

مؤلف بیان کرتا ہے کہ چرچل نے روزویلٹ کے نام ایک ذاتی پیغام بھیجا جس میں ان دنوں کو یاد کرایا جب انگلستان جرمنی کا اکیلا مقابلہ کر رہا تھا۔ اور اس بات پر زور دیا کہ دنیا برطانیہ کی کس قدر زیر بار احسان ہے۔ مختلف امریکن جرنیلوں کے خلاف بعض امور کا ذکر کیا۔ چرچل نے یہ چاہا کہ روسیوں سے قبل برطانوی فوجیں بعض جرمن مقامات میں داخل ہوں۔ لیکن روزویلٹ نے اس بات کی تائید نہ کی۔ مؤلف لکھتا ہے کہ روزویلٹ نے اس آخری پیغام پر چرچل کو کبھی معاف نہ کیا۔ اور چرچل نے روزویلٹ کے انکار کو اس کی موت تک کبھی درگذر نہ کیا۔

مؤلف کتاب مذکور کے ان بیانات کی تردید میں ایلن مورہیڈ جو سب سے بڑا برطانوی جنگی نمائندہ تھا۔ اس نے چشم دید واقعات کی روشنی اور ذاتی علم کی بنا پر اخبارات میں ایک لمبا بیان شائع کیا ہے۔ جس میں مؤلف کتاب کے بعض بیانات کی تائید کرتے ہوئے بعض امور کی پرزور تردید بھی کی ہے۔ مؤلف کتاب لکھتا ہے فیلڈ مارشل منٹگمری کو امریکن سپاہی ناپسند کرتے تھے۔ وہ ایک ناکام جرنیل تھا اور نہایت ہی سخت الفاظ استعمال کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ وہ اچھے اطوار اور اخلاق کا انسان نہیں۔ بلکہ ناشکرگذار اجڈ۔ گنوار اور ناشائستہ واقع ہوا ہے لیکن اس کے باوجود برطانوی حکومت اور چرچل بجائے اس کی پیٹھ ٹھونکتے تھے۔ کیونکہ ان کے پاس یہی ایک گھوڑا تھا جس سے وہ یہ دوڑ جیتنا چاہتے تھے۔

اٹیم بم

ابھی ابھی پروفیسر لاسکی جو لیبر پارٹی کا چیئرمین ہے امریکہ سے واپس آیا ہے۔ امریکہ کے متعدد سائنسدانوں سے اسے ملنے کا اتفاق ہوا ہے۔ اس نے واپسی پر ایک تقریر میں کہا۔ امریکہ ایسا بم تیار کر چکا ہے جو ایک وقت میں ۹۲۷۰ مربع میل رقبہ کے علاقہ کو بالکل تباہ کر سکتا ہے۔ یعنی انگلینڈ۔ ویلز اور سکاٹ لینڈ سے زیادہ وسیع رقبہ کو۔ اور پانچ ایسے بم امریکہ کو تباہ کر سکتے ہیں۔ پروفیسر مذکور نے تقریر میں امریکہ کی اس راز پسندی کی مذمت کی۔ اس نے کہا یہ سخت ناانصافی ہے کہ وائٹ ہاؤس میں صرف تین شخصوں کو یہ حیثیت حاصل ہو کہ وہ جب چاہیں ساری نسل انسانیت کو جلا کر رکھ دیں۔ اور دنیا کی تقدیر ان کے ہاتھوں میں سونپ دی جائے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس راز کو ذاتی اور انفرادی نہ رہنے دیا جائے۔ بلکہ اسے بین الاقوامی معلومات بنانا چاہیئے

شوق و اہتمام

چند روز ہوئے۔ ایک سالانہ فٹ بال کا میچ ہوا۔ اس میچ کے لئے ٹکٹ ایک سال قبل سے بکنے شروع ہوئے تھے اور غالباً چھ ماہ قبل ان کی عام فروخت ختم ہو گئی جس جگہ میچ کھیلا گیا اس کے مطابق ...,۴۰ پونڈ کے ٹکٹ بیچے جا سکے۔ کہا جاتا ہے کہ اگر جگہ زیادہ وسیع ہوتی تو دس لاکھ پونڈ تک ٹکٹوں کی فروخت ہوتی۔ بادشاہ سلامت بھی میچ دیکھنے گئے۔ ۲۳ مختلف جھنڈے گراؤنڈ پر نصب کئے گئے۔ B.B.C. کی طرف سے میچ کے دوران سویڈش۔ اٹیلین۔ ڈچ۔ سپینش۔ جرمن متعدد زبانوں میں تبصرہ کیا گیا۔ اسی طرح فن لینڈ۔ فرانس پولینڈ۔ یوگوسلاویہ اور مشرقی یورپ سے بعض ناظرین میچ دیکھنے آئے تھے۔ B.B.C. کے رات کے پروگرام میں دنیوں نے میچ کی رپورٹیں نشر کیں۔ لنڈن کے متعدد اخبارات میں میچ ختم ہونے سے قبل میچ کی خبریں اور تصاویر شائع کی گئیں۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

61

حادثات

انگلستان کی سڑکوں پر حادثات کے متعلق ایک مضمون شائع کیا گیا ہے۔ جنگ کے دوران میں سڑکوں پر ۴۴۰۰۰ آدمی مارے گئے۔ اور ۷۵۰۰۰ ہزار زخمی ہوئے۔ ان اعداد و شمار کے مقابلہ پر بمباری سے مرنے والوں کی تعداد تو زیادہ تھی۔ لیکن زخمیوں کی تعداد یقیناً کم تھی۔ ان اعداد کی رو سے دن کے اوقات میں ہر چودہ منٹ کے بعد ایک آدمی مرتا ہے۔ حادثات کی تفصیل اس طرح بیان کی گئی ہے۔ کہ ایک صد حادثات میں سے ۳۰ حادثات پیادہ چلنے والوں۔ ۴۲ موٹروں ۲۳ سائیکل چلانے والوں۔ ۹ موٹر سائیکلوں وغیرہ کی وجہ سے ہوتے ہیں۔ ان میں سے جو مہلک ثابت ہوتے ہیں۔ ان میں سے ۳۹ پیادوں اور ۲۰ موٹروں اور ۱۶ سائیکلوں کی وجہ سے ہوتے ہیں۔ مضمون نگار نے بیان کیا کہ ہمارا سڑکوں کا سسٹم اب پرانا ہو چکا ہے۔ اور ان دنوں کا ہے۔ جبکہ لوگ پیدل چلا کرتے تھے۔ یا گھوڑوں پر سواری کرتے تھے۔ اس قدر سریع رفتار سواریاں ابھی ایجاد نہیں ہوئی تھیں۔ گورنمنٹ اب اس طرف خاص توجہ کر رہی ہے۔ سڑکیں کشادہ کی جائیں گی۔ موٹروں اور سائیکلوں کے لئے علیحدہ سڑکیں بنائی جائینگی۔ سڑکوں پر حفاظت کی مہم پر گورنمنٹ ڈھائی لاکھ پونڈ خرچ کر رہی ہے۔ فلموں پریس۔ بڑے بڑے پوسٹر۔ اشتہارات اور ریڈیو وغیرہ کے ذریعہ لوگوں کی تربیت کی جائیگی۔ کہ انہیں سڑکیں کس طرح استعمال کرنی چاہئیں۔

رفتار ترقی

پوسٹ ماسٹر جنرل نے ایک دعوت پر کہا۔ کہ جلد ہی ایسے انتظامات کئے جا رہے ہیں۔ کہ جو خطوط یہاں ڈاک میں ڈالے جائیں گے۔ ۲۴ گھنٹے کے اندر اندر امریکہ کے مشرقی ساحل کے شہروں میں لوگوں تک پہنچا دیئے جائیں گے۔

ایک نئی گیس ایجاد کی گئی ہے۔ جس کے استعمال سے انسانی بینائی کو تین دنوں سے دس دنوں تک ناکارہ کیا جا سکتا ہے۔ اس گیس سے بوڑھے آدمی کی بینائی تین دن تک بحال ہو سکتی ہے۔ اور جوان آدمی کی دس دنوں میں۔ اس کے موجد نے اس گیس کے تجربہ کے لئے اپنے آپ کو پیش کیا۔ اور دس دن تک وہ اندھا رہا۔

ایلومونیم کے بنے ہوئے مکانات مختلف مقامات پر نصب ہونے شروع ہو گئے ہیں۔ ایک پورا مکان چار گھنٹوں کے اندر اندر رہائش کے قابل کھڑا کیا جا سکتا ہے۔

آئندہ سال کے لئے بادشاہ سلامت معہ ملکہ جنوبی افریقہ جا رہے ہیں۔ ان کے لئے ایک خاص گاڑی تیار کرنے کے لئے جنوبی افریقہ سے ایک ایک خاص ماہر ہوائی جہاز کے ذریعہ پہنچ چکا ہے۔

برطانیہ نے اس وقت تک ۶۰۶ میل فی گھنٹے کی رفتار کا ہوائی ریکارڈ قائم کیا ہے۔ اب امریکہ کوشش کر رہا ہے۔ کہ اس ریکارڈ کو ۶۲۶ میل فی گھنٹہ سے توڑ دے۔

لنڈن میں امریکن سفارت خانہ

امریکہ لنڈن میں دنیا بھر سے بڑا سفارت خانہ تعمیر کر رہا ہے۔ اس پر ۲۵ لاکھ پونڈ صرف ہوں گے۔ یہ رقم برطانیہ سے جنگی قرضہ کے سلسلہ میں حاصل کی جائیگی۔ اسی طرح امریکہ تین کروڑ اسی لاکھ پونڈ متعدد سفارت خانوں پر خرچ کرنا چاہتا ہے۔ جو مختلف ممالک میں تعمیر کئے جائیں گے۔

ایک اجنبی کی دعوت پر

فرانس جانے کے لئے تھامس کک کے دفتر میں جانے کا اتفاق ہوا۔ وہاں ایک صاحب ملے۔ ان سے اس دفتر میں ۱½ گھنٹے تک مذہبی گفتگو ہوتی رہی۔ میں نے اسلام کی دوسرے مذاہب پر فوقیت سے متعلق بعض امور ان کے سامنے پیش کئے۔ یہ گفتگو ان کے لئے غالباً دلچسپی کا باعث ہوئی۔ رخصت ہونے پر انہوں نے مجھے شام کو چائے پر دعوت دی۔ وہ پرتگال اور سوئٹزرلینڈ ہوائی جہاز کے ذریعہ سیر پر جانا چاہتے تھے۔ اور لنڈن میں کچھ دنوں کے لئے ایک بڑے ہوٹل میں مقیم تھے۔ دعوت پر انہوں نے ایک پولینڈ کے دوست اور ایک انگریز خاتون کو بھی بلایا تاکہ وہ تینوں اسلام کے متعلق بعض معلومات حاصل کریں۔ انگریز خاتون غالباً ۴۵ سال کی ہونگی۔ ۲۵ سال سے قریب وہ یورپ اور شمالی افریقہ کی سیاحت پر رہی تھیں چار گھنٹے تک میں ان کے ہمراہ رہا۔ انگریز خاتون چونکہ مراکو اور الجیریا کے عربوں میں کچھ وقت رہ چکی تھیں۔ انہیں بعض اسلامی رسوم وغیرہ کا علم تھا۔ گفتگو ان کے لئے غیر معمولی دلچسپی کا باعث تھی۔ اور بہت حد تک موثر بھی۔ گو مجھے کھانے کی دعوت نہیں تھی۔ لیکن اسی اثناء میں کھانے کا وقت آ گیا۔ وہ ابھی گفتگو کو جاری رکھنا چاہتے تھے۔ ایک دوسرے ہوٹل میں وہ مجھے کھانے کے لئے لے گئے۔ کھانے کے لئے میں نے اپنی احتیاط اور شرائط ان سے کہہ دیں۔ انہوں نے بڑی کوشش اور بے تکلفی سے میرے مطلب کی چیزیں مہیا کر دیں۔ کھانے کے بعد وہ ایک تھیئٹر میں جانا چاہتے تھے۔ چائے پر بھی انہوں نے ذکر کیا تھا۔ اور مجھے بھی دعوت دی تھی۔ میں نے معذرت اور اس کی تفصیلی وجوہ ان کے سامنے بیان کیں۔ جو ان کے لئے غیر معمولی دلچسپی اور حیرت کا باعث ہوئیں۔ کہ کس طرح ہم لوگ اس دنیائے عشرت میں رہ کر ان باتوں سے کوئی دلچسپی نہیں رکھتے۔ جہاں میری گفتگو ان کے لئے دلچسپی کا باعث تھی۔ وہاں میں نے بھی اس دوران میں ان سے بہت کچھ حاصل کرنے کی کوشش کی۔ ان کا قومی کیریکٹر طور و تمدن۔ اخلاق وغیرہ سمجھنے کی کوشش کی۔ ملاقات کے آخر میں وہ اجنبی دوست کہنے لگے۔ اگر اسلام انہی معلومات کا نام ہے جو آپ نے بیان کی ہیں۔ تو پھر اس سے بہتر مذہبی تعلیم اور کیا ہو سکتی ہے۔ عیسائیت کو اس سے کیا نسبت۔ لیکن افسوس کہ ہم اس تمدن میں اس طرح جکڑے ہوئے ہیں۔ کہ ان زنجیروں سے آزاد نہیں ہو سکتے۔ ان سے رخصت ہونے پر میں نے ان کا پتہ لکھ لیا۔ اور دو دن کے بعد ایک تبلیغی خط انہیں لکھا۔

فرانس جانے والے احمدی مجاہدین کے اعزاز میں جماعت احمدیہ لنڈن کی دعوت اور ایڈریس

(مکرم محترم حافظ قدرت اللہ صاحب مجاہد اسلام لنڈن)

۵ رمئی کو مولانا شمس صاحب کی صدارت میں یہ تقریب عمل میں آئی۔ اس موقعہ پر جماعت کے احباب کے علاوہ بعض دیگر افراد بھی مدعو تھے۔ تلاوت قرآن کریم کے بعد مسٹر ظفر اللہ صاحب کاخ نے جو ایک مخلص ڈچ نومسلم نوجوان ہیں ایڈریس پیش کیا۔ اور فرمایا کہ ہمارا مقدس اور اولین مقصد اسلام کی اشاعت ہے۔ اور اس کے لئے کوشاں ہیں۔ مگر تلوار سے نہیں بلکہ دلائل اور براہین سے کہ اسی اسلام سے دنیا کا امن وابستہ ہے۔ اس غرض کے لئے ہمارے دو مشنری ملک عطاء الرحمٰن صاحب اور چودھری عطاء اللہ صاحب فرانس جا رہے ہیں۔ آج دنیا مادیت کے پھندے میں گرفتار ہے اسے آزاد کرانا ہمارا کام ہے۔ اور یہ تاریکی تمام دنیا پر محیط ہے۔ اس کا علاج صرف اسلام ہے اب دنیا میں از سر نو اسلام پھیلانے کے لئے آفتاب صداقت حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا ظہور ہو چکا ہے۔ اب اسکی کرنیں تمام دنیا میں پھیلیں گی۔ اور منور کر دینگی۔ ہمارے مشنری فرانس جا کر اسکی منادی کریں گے۔ خدا تعالیٰ ان کی آواز میں برکت دے۔ اور انہیں کامیابی عطا فرمائے۔

برادرم ملک عطاء الرحمٰن صاحب نے اپنے اور چودھری عطاء اللہ صاحب کی طرف سے شکریہ ادا کرتے ہوئے فرمایا۔ خدا تعالیٰ کا کتنا احسان ہے کہ اس نے اسلام کی نعمت کے ذریعہ مختلف قوموں کے افراد کو جو تمدن اور تہذیب رنگ اور قومیت کے لحاظ سے مختلف تھے۔ ایک کر دیا اور بھائی بھائی بنا دیا۔ واقعی یہ بہت بڑا احسان ہے۔ فالحمد للہ علیٰ ذالک۔ پھر بیان کیا کہ ہم ایک بے سر و سامانی کی حالت میں ایک اہم اور بلند مقصد کے لئے نئے ملک میں جا رہے ہیں۔ ہمارا مطمح نظر خدا تعالیٰ کی بادشاہت کا قیام ہے۔ مگر ہمارے پاس کوئی ظاہری سامان نہیں۔ نہ ہمارے پاس فوج ہے نہ اسلحہ مگر ہمیں یقین ہے۔ کہ خدا تعالیٰ ہمیں کامیابی دیگا۔ اور کوئی نہ کوئی راہ ضرور نکال دیگا۔

اس کے بعد جناب مولوی صاحب نے تقریر فرمائی۔ اور بیان کیا کہ فرانس بہت بڑا ملک ہے۔ اور بڑی طاقتوں میں شمار ہوتا رہا ہے۔ اسے اپنی تہذیب اور کلچر پر ناز اور اپنی حکومت پر فخر ہے۔ ایسے لوگوں کو راہ دکھانے کے لئے ہمارے مشنری جا رہے ہیں۔ عام طور پر صداقت کے قبول کرنے میں یہی تفاخر روک ہو جایا کرتا ہے۔ فرعون نے حضرت موسیٰ ؑ کا انکار کیوں کیا؟ اس کی یہی وجہ تھی۔ اس وقت ہماری تعداد قلیل ہے۔ اور دنیا کے سامنے ہماری کوئی حقیقت نہیں۔ مگر ہمیں یقین ہے۔ کہ بالآخر فتح ہماری ہوگی۔ اور یہ یقین اس لئے ہے۔ کہ خدا تعالیٰ نے اپنے برگزیدہ بندے سے یہ وعدہ کیا ہے۔ جہاں

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اس کے اور وعدے پورے ہوئے ہیں۔ وہاں یہ اسلام کی ترقی کا وعدہ بھی ضرور پورا ہوگا۔ اس کے پورا ہونے کے آثار ہم دیکھ رہے ہیں۔ ایک گمنام انسان کو خبر دی گئی تھی۔ کہ میں تیری تبلیغ کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا اور لوگ دور دور سے تیرے پاس آئیں گے۔ آج ہم بچشم خود اسے پورا ہوتے دیکھ رہے ہیں پھر فرمایا کہ حضور علیہ السلام نے خواب میں چمکتے ہوئے ستارے دیکھے۔ اور پھر وحی کے ذریعہ بتایا گیا۔ کہ یہ آسمانی بادشاہت کے ستارے ہیں۔ دراصل یہی وہ ستارے ہیں جو اسلام کا نام بلند کرنے میں کوشاں ہیں پھر فرمایا۔ کہ انجیل میں مسیح کی آمد ثانی کی پیشگوئی کی گئی تھی۔ جس کی تمام علامات ایک ایک کرکے پوری ہو رہی ہیں۔ زلزلوں کا ہونا۔ اور قحط کا پڑنا یہ بے فائدہ نہیں بلکہ خدا تعالیٰ کی طرف سے وارننگ اور اعلان ہے۔ کہ موعود ظاہر ہو چکا۔ نیز متی ۲۵/۳۱ میں لکھا ہے۔ "جب ابن آدم اپنے جلال میں آئے گا۔ اور سب فرشتے اس کے ساتھ آئیں گے۔ تو اس وقت وہ اپنے جلال کے تخت پر بیٹھے گا" اُن فرشتوں سے مراد یہی مبلغین ہیں۔ جو اس کے نام کی منادی کرنے کے لئے دنیا میں پھیل رہے ہیں۔ ان بے سروسامان مبلغوں سے خدا عصائے موسیٰ کی طرح کام لے گا۔ کیونکہ یہ خود اسی کا کام ہے۔

اس اجلاس میں دو تقاریر اور بھی ہوئیں۔ ایک مسٹر جمالی جو سائپرس کے احمدی نوجوان ہیں۔ انہوں نے اسلام کی تعلیم کو اور پھر احیاء اسلام کے لئے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی بعثت کو عمدہ رنگ میں پیش فرمایا۔ دوسری تقریر لفٹیننٹ مسٹر بشیر احمد آرچرڈ کی ہے۔ جنہوں نے تھوڑا عرصہ ہوا۔ اسلام قبول کیا اور پھر اخلاص میں اتنی ترقی کی کہ اپنی زندگی اسی کام کے لئے وقف کر دی۔ انہوں نے اپنی تقریر میں بیان فرمایا۔ کہ میں نے احمدیت اسلام کو کیوں قبول کیا۔ ان کی تقریر بھی نہایت عمدہ تھی۔ اور سامعین نے اسے بہت پسند کیا۔ بالآخر جناب مولوی صاحب نے ایک مختصر تقریر فرمائی۔ جس میں احمدیت اور اسلام کی صداقت بیان فرمائی۔ بعد میں ۴۴

۴۴ حاضرین کی خدمت میں ناشتہ پیش کیا گیا۔ یہ امر باعث مسرت ہے۔ کہ اس تقریب پر ایک افریقن بیرسٹری کے طالب علم بیعت کرکے سلسلہ احمدیہ میں داخل ہوئے۔ فالحمد للہ علیٰ ذالک

فوری ضرورت

جامعہ احمدیہ میں ایک ٹرینڈ گریجوایٹ کی بطور لیکچرار انگلش ضرورت ہے۔ تنخواہ معقول دی جائے گی۔ قادیان کی رہائش۔ علمی ماحول اور خدمت دین کا شوق رکھنے والے دوست فوراً درخواست ارسال فرماویں۔

(پرنسپل جامعہ احمدیہ قادیان)

درجہ اولیٰ جامعہ احمدیہ کا داخلہ

جماعت ہفتم مدرسہ احمدیہ کا نتیجہ شائع ہوگیا ہے۔ درجہ اولیٰ جامعہ احمدیہ کا داخلہ شروع ہے۔ کامیاب طلبہ فوراً داخل ہو جائیں۔ تا تعلیم کا حرج نہ ہو۔ کمپارٹمنٹ میں آنے والا طالبعلم بھی فی الحال داخل ہو سکتا ہے آخری تاریخ داخلہ کی ۲۳ ہجرت ۱۳۲۵ہش ہے۔

(پرنسپل جامعہ احمدیہ قادیان)

اولاد نرینہ

طبیہ عجائب گھر کا زود اثر مرکب

جن کے ہاں صرف لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہیں اُن کیلئے یہ اکسیر انشاءاللہ تعالیٰ فضلِ خداوندی ثابت ہوگی

اشتہاری تلخ تجربہ اٹھائے ہوئے اصحاب

کے یقین کیلئے یہ اکسیر اس معاہدہ کے ساتھ دیجاتی ہے کہ لڑکی پیدا ہونے پر قیمت واپس کردی جائے گی:۔

قیمت مکمل کورس نو ماہ یکصد روپیہ

طبیہ عجائب گھر رجسٹرڈ قادیان دارالامان

شباکن

ملیریا کی کامیاب دوا ہے

کونین کے استعمال کا شکار ہوئے بغیر اگر آپ اپنا یا اپنے عزیزوں کا بخار اُتارنا چاہیں تو "شباکن" استعمال کریں بقیمت یکصد قرص ۱۰/ پچاس قرص ۱۳/-

ملنے کا پتہ

دواخانہ خدمت خلق قادیان

خونی اور بادی ہر قسم کی بواسیر

بواسیر کیلئے بفضلہ تعالیٰ **حفسم**

سو فیصدی کامیاب دوا ثابت ہوئی ہے:۔

قیمت دو روپے نو آنہ ۲/۹

دی بنگال ہومیو فارمیسی ریلوے روڈ قادیان

اعلان

شیخ فضل خالق صاحب مرحوم کی اراضی واقع قادیان کو میری بیگم امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ بنت حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خرید کر لیا ہے۔ سنا جاتا ہے کہ بعض حصے اس اراضی میں سے ایسے ہیں۔ جن کو بعض احباب خرید کر چکے ہیں لیکن کاغذات مال میں اراضی اِن کے نام داخل خارج نہیں ہوئی۔ پس ایسے احباب کو ۳۱ مئی ۱۹۴۶ء سے قبل شیخ فضل خالق مرحوم کے بیع نامے پیش کرکے اپنے حق کو تسلیم کرالینا چاہیئے۔ ورنہ بعد میں اگر کوئی مطالبہ پیش کیا گیا۔ تو اسکو قبول نہیں کیا جائیگا۔ فقط

(خاکسار) محمد عبداللہ خان

آف مالیر کوٹلہ۔ قادیان

Digitized by Khilafat Library Rabwah

حکومت غذا کیلئے کیا کر رہی ہے

(۱) ملک میں جتنا بھی اناج مل سکتا ہے۔ اسے کُل ہند بنیادوں پر حصہ رسدی کے مطابق تقسیم کیا جائے گا۔ زیادہ اناج والے اور قحط زدہ علاقوں میں مساوی طور پر اناج تقسیم ہوگا۔

(۲) حصول اناج کی اجارہ داری قائم کر کے ملک کے اندرونی وسائل کی مکمل تنظیم کا آغاز اور توسیع۔ اِس سے حکومت کو یہ موقعہ ملے گا کہ وہ اناج پیدا کرنے والے کسانوں کی جائز ضرورت بھر اناج ان کے پاس چھوڑ کے بقیہ زیادہ سے زیادہ اناج حاصل کر لے۔

(۳) قیمتوں کی نگرانی (پرائس کنٹرول) پر سختی سے عمل درآمد کیا جائیگا۔ تاکہ اناج پیدا کرنے والوں اور خریدنے والوں دونوں کیلئے مناسب قیمتیں معین رہیں۔

(۴) راشن بندی کی توسیع کے ذریعہ سے اناج کی کمی کو برابری سے تقسیم کر دیا جائے گا۔ قریباً تیرہ کروڑ شہری اور قصباتی اشخاص کیلئے راشن جاری کیا جا چکا ہے

(۵) اناج کی برآمد مطلق طور پر بند کر دی گئی ہے۔

(۶) باہر سے اناج منگوانے کیلئے ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے۔

(۷) زیادہ اناج پیدا کرو کی مہم کو تیز تر کیا جا رہا ہے۔ نئی زمینوں کو زیر کاشت لایا جا رہا ہے۔ سرکاری عمارتوں کے باغات اور ان کے ملحقہ میدانوں میں اب اناج پیدا کیا جائے گا۔

(۸) رشوت ستانی۔ ذخیرہ اندوزی اور چور بازار کو روکنے کے لئے غذائی انتظامات کو بہتر بنایا جا رہا ہے۔ غذائی مسئلہ کو حل کرنے کے لئے جو اقدامات کئے جا رہے ہیں ان میں سے یہ چند چیزیں ہیں۔ ہم آپ سے جس چیز کے طالب ہیں وہ ہے اعتماد اور اتفاق۔ اس سے دریغ نہ کیجئے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

غذائی بحران
کو
شکست دیجئے

مِلکر کوشش کیجئے — مِلکر حصہ لیجئے

فوڈ ڈیپارٹمنٹ گورنمنٹ آف انڈیا نئی دہلی کا جاری کردہ

دس ۱۰ انگریزی تبلیغی کتابیں
تین ۳ روپیہ میں

اسلامی اصول کی فلاسفی مجلد ۱-۲-۰
پیارے امام کی پیاری باتیں ۱-۰-۰
نماز بامترجم باتصویر ۰-۴-۰
پیغام صلح و دیگر مضامین ۰-۴-۰
سرور انبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے بے نظیر کارنامے ۰-۴-۰
دنیا کا آئندہ مذہب ۰-۴-۰
آسمانی پیغام ۰-۴-۰
دونو جہان میں فلاح پانے کی راہ ۰-۴-۰
نظام نو دوسرا ایڈیشن مزید اضافے کے ساتھ ۰-۴-۰
تمام جہان کو چیلنج معہ ایک لاکھ روپے کے انعامات ۰-۲-۰
۴

جملہ دس کتابوں کا سیٹ معہ ڈاک خرچ تین روپے میں پہنچا دیا جائے گا۔
عبداللہ الہ دین سکندرآباد دکن

عرق نور رجسٹرڈ

